**PRESS RELEASE**
For immediate release
January 29, 2026

## CLDP US visits SECP ; swift solution to financial sector disputes

**Islamabad, January 29, 2026 –** A delegation of the Commercial Law Development Program (CLDP) of the United States Department of Commerce visited the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). The delegation discussed cooperation on developing an effective system for the early and out-of-court resolution of corporate disputes to improve the business environment and enhance investor confidence.

SECP officials briefed the delegation on the Commission's mandate, regulatory framework, and supervisory role across Pakistan's financial sector. The CLDP delegation was led by Mr. Zmarak Khan, Deputy Chief Counsel, and included Ms. Alexa Black, International Program Specialist; Ms. Aleena Nasir, Attorney Advisor (International); Ms. Emily Rife, Expert and Senior Partner, CLDP; and Mr. Dave Moora, Senior Partner, Impact Associates.

Both sides discussed the establishment of a dedicated Alternative Dispute Resolution (ADR) Centre in Pakistan, drawing on international best practices. These included the Financial Industry Disputes Resolution Centre (FIDReC) model of Singapore, an independent and impartial institution that resolves consumer financial disputes through structured mediation and adjudication mechanisms.

Mr. Muzzafar Ahmed Mirza, Commissioner (Law), SECP, briefed the delegation on SECP's ongoing and earlier initiatives to promote alternative dispute resolution. He highlighted existing mechanisms, including the Small Dispute Resolution Committee in the insurance sector. Mirza also outlined SECP's vision for expanding ADR frameworks to ensure timely, cost-effective, and efficient dispute resolution in the corporate and financial sectors.

The delegation also paid a courtesy call on Chairman SECP, Dr. Kabir Ahmed Sidhu. Appreciating CLDP's cooperation, Dr. Sidhu emphasized that effective ADR mechanisms can significantly reduce the burden on courts by resolving disputes efficiently, lowering costs for businesses, and improving ease of doing business. He expressed SECP's willingness to work closely with CLDP to advance ADR reforms in Pakistan.

The Commercial Law Development Program (CLDP) works with emerging economies to strengthen policy, legal, and regulatory frameworks that support trade, investment, and commercial activity through targeted technical assistance and institutional capacity-building.

**امریکی کمرشل لا ڈیولپمنٹ پروگرام کے وفد کا ایس ای سی پی کا دورہ ؛ متبادل تنازعاتی حل پر تبادلۂ خیال**

**اسلام آباد، 29 جنوری:** امریکہ کے محکمۂ تجارت کے کمرشل لا ڈیولپمنٹ پروگرام کے وفد نے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کا دورہ کیا۔ وفد نے کاروباری تنازعات کے جلد اور متبادل حل کے لیے ایک مؤثر نظام کی تشکیل پر تعاون پر تبادلۂ خیال کیا۔ کارپوریٹ تنازعات کے حل کا متبادل نظام کاروباری ماحول کو بہتر بنانا اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو فروغ دینا ہے۔

ایس ای سی پی کے حکام نے وفد کو کمیشن کے دائرۂ اختیار، ریگولیٹری فریم ورک اور پاکستان کے مالیاتی شعبے پر بریفنگ دی۔ کمرشل لا ڈیولپمنٹ پروگرام کے وفد میں زمرک خان، ڈپٹی چیف کاؤنسل، الیکسا بلیک، انٹرنیشنل پروگرام اسپیشلسٹ؛ محترمہ علینہ ناصر، اٹارنی ایڈوائزر (انٹرنیشنل)؛ ایملی رائف، ماہر اور ڈیو موورا، سینئر پارٹنر امپیکٹ ایسوسی ایٹس شامل تھے۔

اس موقع پر متبادل تنازعاتی حل مرکز کے لئے، پاکستان میں بھی سنگاپور کے ماڈل پر فنانشل انڈسٹری ڈسپیوٹس ریزولوشن سینٹر قائم کرنے پر غور کیا گیا۔ سنگاپور کا فنانشل انڈسٹری ڈسپیوٹس ریزولوشن سینٹر ایک انڈیپنڈنٹ اور غیر جانبدار ادارہ ہے جو منظم ثالثی کے ذریعے کارپوریٹ اور مالیاتی تنازعات کے حل فراہم کرتا ہے۔

ایس ای سی پی کے کمشنر لیگل مظفر مرزا نے وفد کو متبادل تنازعاتی حل کے فروغ کے لیے ایس ای سی پی کی حکمت علمی اور کوششوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے انشورنس سیکٹر کے لئے قائم اسمال ڈسپیوٹ ریزولوشن کمیٹی اور موجودہ دستیاب سسٹم پر بریفنگ دی۔

وفد نے چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو سے بھی تعارفی ملاقات کی۔ڈاکٹر سدھو نے کمرشل لا ڈیولپمنٹ پروگرام کے تعاون کو سراہا ۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری تنازعات کے جلد حل کا ایک مؤثر تبادل نظام ، عدالتوں میں مقدمات کا بوجھ کم کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ متبادل نظامل اس لیے بھی ضروری ہے چونکہ اس سے تنازعات کا بروقت حل ممکن ہوتا ہے، کاروباری لاگت کم ہوتی ہے اور کاروبار کرنے میں آسانی پیدا ہوتی ہے۔

امریکہ کا کمرشل لا ڈیولپمنٹ پروگرام دیگر ممالک کی حکومتوں کے ساتھ مل کر مجموعی طور پر معاشی پالیسیوں ، قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک کو مضبوط بنانے کے لیے کام کرتا ہے، جس کا مقصد کاروبار، سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے۔